اخبار و افکار

وقائع نگار

مکہ مکرمہ

۱۴ مارچ ۱۹۷۴ء کو مکہ مکرمہ میں موتمر المنظمات الاسلامیہ کا انعقاد ہوا۔ یہ کانفرنس رابطہ عالم اسلامی نے طلب کی تھی، اس کا مقصد یہ تھا کہ مسلمانوں کی جو انجمنیں اور جمعیتیں دنیا کے مختلف حصوں میں کام کر رہی ہیں، ان کے اعمال میں ربط پیدا کیا جائے اس میں مختلف ممالک سے انجمنوں کے نمایندوں نے شرکت کی۔ اس میں باہمی تبادلۂ خیال کے علاوہ تبلیغ اسلامی کے لئے لائحہ عمل بنایا گیا۔ جہاں مسلمانوں کی تعداد کم ہے وہاں کی انجمنوں کے نمایندوں نے اپنے کاموں کی تفصیلات بیان کیں، ان کی امداد کے لئے راہیں پیدا کی گئیں اور مختلف کاموں کی سر انجام دہی کے لئے ذیلی مجالس کی تشکیل عمل میں آئی۔

مرکزی حکوست پاکستان کے سکریٹری قانون جناب جسٹس محمد افضل چیمہ صاحب نے اس کانفرنس میں شرکت کی۔ آزاد کشمیر کے صدر حکوست جناب سردار عبدالقیوم صاحب نے بھی ایک خصوصی دعوت پر اس کانفرنس کو مخاطب کیا۔ اور مقبوضہ کشمیر کے مسلمانوں کے حال زار سے شرکائے کانفرنس کو باخبر فرمایا۔ الاستاذ توفیق عویضہ نے مصری انجمنوں کی نمایندگی کی۔

اس کانفرنس کا افتتاح شاہزادہ امیر فواز بن عبدالعزیز نے کیا۔

ڈبلن

آئرلینڈ کے دارالحکوست شہر ڈبلن میں مسلمانوں کی ایک بڑی تعداد

ھے ۔ وھاں مسلمانوں کی ایک جمعیۃ بھی قایم ھے ۔ یہ جمعیۃ بڑا اچھا کام کررھی ھے ۔ سعودی عرب کے بادشاہ جلالۃ الملک فیصل نے اس جمعیۃ کی درخواست پر مرکز شبان المسلمین قایم کرنے کے لئے مبلغ سترہ ہزار اسٹرلنگ پاونڈ کا گراں قدر عطیہ دیا ھے ۔ اس رقم سے وھاں نوجوانان اسلام کا ایک مرکز قایم کیا جائے گا ۔

بنکاک

تھائی‌لینڈ سیام میں تیس لاکھ سے زیادہ مسلمان رھتے ھیں ۔ ان لوگوں نے پچھلے ماہ میں اپنی ایک مرکزی انجمن الحزب الاسلامی التایلندی کے نام سے بنالی ھے ۔ اس کا دفتر تھائی لینڈ کے دارالحکومت شہر بنکاک میں قایم کیا گیا ھے ۔ اس کے صدر جناب ماینوینگ منتخب ھوئے ھیں ۔ سارے ملک کی بکھری ھوئی چھوٹی چھوٹی انجمنوں کا مرکزی انجمن سے الحاق کردیا گیا ھے ۔

شہر بنکاک کی تقریباً گیارہ لاکھ کی آبادی میں دو لاکھ سے زیادہ مسلمان ھیں ۔ یہ اکثر و بیشتر شہر کے محنت کش اور کاریگر طبقہ سے تعلق رکھتے ھیں ۔ کچھ تھوڑے سے تجارت پیشہ بھی ھیں ۔

بیروت

یہودیوں کی جدید ترین شرارت یہ ھے کہ انھوں نے ایک بڑی تعداد میں قرآن مجید کا ایک محرف نسخہ شایع کیا ھے ۔ اس نسخہ کے اوپر ”مصحف الحرمین“ چھپا ھوا ھے ۔ آخر میں لکھا ھے کہ یہ نسخہ دارالاندلس للطباعۃ والنشر، بیروت میں چھپا ھے ۔ اس نسخہ میں سے بہت سی آیتیں اور متعدد سورتیں نکال دی گئی ھیں ۔ سورۂ الحجرات، سورۂ ق، سورۂ الذاریات، سورۂ الطور اور سورۂ النجم بالکلیہ خارج کردی گئی ھیں ۔ اس کے علاوہ بہت سی سورتوں سے آیات

خارج کردی گئی ھیں ۔ اور بہت سی سورتوں بیں دوسری سورتوں کی آیتیں جا بجا لگادی گئی ھیں ۔

اس نسخه کے خلاف عربی اخبارات خصوصاً اخبارِ العلم مراکش میں مضامین شایع ھورہے ھیں ۔

کولالم پور

ملیشیا کے صدر مقام کولالم پور میں ۲۸ سربرآوردہ غیر مسلموں نے بطیب خاطر اسلام قبول کیا ۔ ان نو مسلم بھائیوں کے اعزاز میں نائب وزیر اعظم ملیشیا نے ایک دعوت دی جس میں بعض مسلم ممالک کے سفراء نے بھی شرکت کی، اپنے نئے بھائیوں سے گرم جوشی سے ملے اور ان کے لئے استقامت و توفیق خیر کی دعاء کی ۔